# فیصل آباد بورڈ 2024ء

## معروضی طرز

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

رول نمبر:________

**اصول معاشیات**

Paper Code 6541

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question with Marker or Pen ink in the answer book. Cutting or filling two or more circels will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | معاشیات اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے ہے: In relation to the nature and scope, economics is: | علم Science | فن Art | علم الحقیقت Positive science | علم اور فن Science and art |
| 2 | جب مختتم افادہ صفر ہوتا ہے تو کل افادہ ہوتا ہے: When marginal utility is zero, then total utility is: | صفر Zero | زیادہ سے زیادہ Maximum | مثبت Positive | منفی Negative |
| 3 | بنیادی ضروریات کی طلب ہوتی ہے: The demand of basic necessities is: | کم لچکدار Less elastic | زیادہ لچکدار More elastic | صفر لچکدار Zero elastic | لامحدود لچکدار Infinitely elastic |
| 4 | جس قیمت پر طلب اور رسد برابر ہوں، کہلاتی ہے: The price where demand and supply are equal is called: | متوازن مقدار Equilibrium quantity | متوازن قیمت Equilibrium price | متوازن طلب Equilibrium demand | توازن Equilibrium |
| 5 | قانون تکثیر حاصل کا عمومی طور پر اطلاق ہوتا ہے: Generally the application of law of increasing returns is on: | زراعت پر Agriculture | تجارت پر Trade | صنعت پر Industry | بینکنگ پر Banking |
| 6 | کل مصارف میں تبدیلی کی شرح کہلاتی ہے: The change in total cost is called: | متغیر مصارف Variable cost | مختتم مصارف Marginal cost | اوسط مصارف Average cost | معین مصارف Fixed cost |
| 7 | مکمل مقابلہ کے تحت عرصہ طویل میں فرم کماتی ہے: In the long run under perfect competition, a firm gains: | معمولی منافع Normal profit | غیر معمولی منافع Abnormal profit | معمولی نقصان Normal loss | غیر معمولی نقصان Abnormal loss |
| 8 | نظریہ مختتم پیداواری پیش کیا: The marginal productivity theory was presented by: | مالتھس نے Malthus | کینز نے Keynes | فشر نے Fisher | جے۔ بی کلارک نے J.B. Clarke |
| 9 | قومی آمدنی کی متوازن سطح ہوتی ہے: Equilibrium level of national income is: | صرف = بچت Consumption = saving | صرف = سرمایہ کاری Consumption = investment | بچت = سرمایہ کاری Saving = investment | مجموعی طلب = بچت Aggregate demand = saving |
| 10 | افراط زر میں زیادہ مفید ہوتا ہے: It is more useful budget in inflation: | خسارے کا بجٹ Deficit budget | فاضل بجٹ Surplus budget | متوازن بجٹ Balanced budget | گھریلو بجٹ Family budget |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بحالی Recovery | سرد بازاری Depression | رجعت Recession | گرم بازاری Boom | تجارتی چکر کا کون سا دور معیشت کے لیے بہتر ہوتا ہے؟ Which phase of trade cycle is better for an economy? | 11 |
| امداد Grant | اشیاء و خدمات Goods and services | خدمات Services | اشیاء Goods | توازنِ تجارت میں شامل ہوتا ہے: In balance of trade which is included? | 12 |
| تھوک فروش Wholesaler | گاہک Consumer | پیداکنندہ Producer | آجر Enterpreneur | بالواسطہ ٹیکس کا حتمی بار برداشت کرتا ہے: The ultimate burden of indirect tax is borne by: | 13 |
| درآمدات Imports | بالواسطہ ٹیکس Indirect tax | اعانے Subsidies | فرسودگی کے اخراجات Depreciation allowances | قومی آمدنی میں جمع ہوتے ہیں: In national income which is included? | 14 |
| پروفیسر کراؤتھر Prof. Crowther | پروفیسر مارشل Prof. Marshall | پروفیسر پیگو Prof. Pigou | پروفیسر واکر Prof. Walker | "ہروہ شے جو زر کے فرائض انجام دے زر کہلاتی ہے" بیان کیا ہے: "Money is what money does", is stated by: | 15 |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| D -8 | A -7 | B -6 | A -5 | B -4 | A -3 | B -2 | A -1 |
| | A -15 | B -14 | B -13 | A -12 | A -11 | A -10 | C -9 |

## انشائی طرز

رول نمبر: ________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اصولِ معاشیات

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

سوال 2: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ **Write short answers to any SIX parts. 12**

(i) مارشل کی معاشیات کی تعریف بیان کیجیے۔ **Write definition of economics given by Marshall.**

جواب: "معاشیات میں انسان کے ان افعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے جن کا تعلق زندگی کے روزمرہ معاملات سے ہے۔ یہ علم انسان کی انفرادی اور اجتماعی کوششوں کے اس حصہ کا جائزہ لیتا ہے جس کا اس چیز سے گہرا تعلق ہے کہ خوشحال زندگی کے مادی لوازمات کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ پس معاشیات ایک طرف دولت کا علم ہے اور دوسری طرف (جو پہلی سے زیادہ اہم ہے) خود انسانی زندگی کے ایک پہلو کا۔"

"Economics is the study of those activities of man which relate to the daily routines of life. It examines that part of man's individual and collective efforts. Which is intimately related to what constitutes the material means of a prosperous life. How the necessities are obtained and how they are used. Economics is, on the one hand, the knowledge of wealth and on the other hand (Which is more important than the first) of one aspect of human life itself.

(ii) معاشیات میں دولت سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by wealth in economics?**

جواب: دولت قیمتی وسائل کا ایک ذخیرہ ہے جسے حقیقی سامان یا مالیاتی قدر کے لحاظ سے ماپا جا سکتا ہے۔ مجموعی مالیت دولت کا سب سے عام پیمانہ ہے، جس کا تعین تمام جسمانی اور غیر مرئی اثاثوں کی مارکیٹ ویلیو لے کر، پھر تمام قرضوں کو گھٹا کر کیا جاتا ہے۔

Wealth is an accumulation of valuable economic resources that can be measured in terms of either real goods or monetary value. Net worth is most common measure of wealth determined by taking the market value of all physical and intangible assets owned, then subtracting all debts.

(iii) معاشی مسئلہ کا مفہوم واضح کیجیے۔ **Explain economic problem.**

جواب: پروفیسر رابنز نے اپنی تعریف کی بنیاد زندگی کی درج ذیل چار حقیقتوں پر رکھی ہے:

1- ذرائع متبادل استعمال نہیں رکھتے ہیں۔
2- ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔
3- انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔
4- ذرائع محدود ہوتے ہیں۔

پروفیسر رابنز کے مطابق اگر یہ چاروں خصوصیات (حقیقتیں) بیک وقت اکٹھی ہو جائیں تو معاشی مسئلہ پیدا ہوتا ہے ان میں سے اگر کوئی ایک خصوصیت موجود نہ ہو تو معاشی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔

Professor Robbins has based his definition on the following four facts of life:
1. Sources have not alternation uses. 2. Some of these desires are more important and some less important. 3. Human desires are unlimited. 4. Resources are limited.
According to professor Robbins, if these four characteristics (facts) come together at the same time, then an economic problem arises when any one of the feature does not exist, the economic problem will not arise.

(iv) افادہ کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔
**Write two characteristics of utility.**

جواب: 1- انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی 2- مقام میں تبدیلی کی وجہ سے افادہ کی تبدیلی

1. Trait of completion of human desire 2. The change of utility due to the change of place

(v) صفر افادہ کی تعریف کیجیے۔
**Define zero utility.**

جواب: جب کسی شے کو صرف کرنے کی خواہش مکمل طور پر پوری ہو جائے اور شے کی مزید اکائی صرف کرنے کی خواہش باقی نہ رہے تو افادہ صفر ہو جاتا ہے۔

When the desire to consume a commodity is completely satisfied and no desire to consume the more items, then utility becomes zero.

(vi) طلب کے سکڑنے کا مفہوم بیان کیجیے۔
**Describe contraction of demand.**

جواب: قانون طلب کی رو سے جب کسی شے کی قیمت زیادہ ہوتی ہے تو اس کی طلب کم ہو جاتی ہے اسے طلب کا سکڑنا کہتے ہیں۔

When the price of a commodity increases, its demand decreases, it is called a contraction of demand.

(vii) خواہش اور طلب میں فرق بیان کیجیے۔
**Differentiate between demand and desire.**

جواب: خواہش سے مراد ایسی چیز چاہنا جس کو حاصل کرنے کے لیے انسان کے پاس وسائل نہ ہوں جبکہ طلب سے مراد کسی شے کے لیے ایسی خواہش ہے جسے پورا کرنے کے لیے صارف کے پاس قوت خرید بھی ہو۔

Desire means the want of a thing which a person does not have the resources whereas demand means the desire to purchase a commodity for which the consumer has the power to purchase.

(viii) قانون رسد کی تعریف کیجیے۔
**Define law of supply.**

جواب: اگر باقی حالات جوں کے توں رہیں اور کسی شے کی قیمت بڑھ جائے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے اور اس کی قیمت کم ہونے پر رسد کم ہو جاتی ہے۔

If circumstances remain the same and the price of a commodity increases, its supply increases and when its price decreases, the supply decreases.

(ix) منڈی کی توازن کی وضاحت کیجیے۔
**Explain market equilibrium.**

جواب: منڈی کے توازن سے مراد منڈی میں طلب و رسد کی مقداروں کا برابر ہونا ہے۔ کسی شے کی مختلف قیمتوں پر اس کی رسد اور طلب مخالف سمتوں میں حرکت کرتی ہیں اور آخر کار ایک ایسی قیمت آجاتی ہے جس پر طلب و رسد دونوں برابر ہو جاتی ہیں یہی قیمت منڈی میں مقرر ہو جاتی ہے اسے منڈی کا توازن کہتے ہیں۔

Market equilibrium refers to the equal supply and demand quantities in the market. At different prices of commodity, its supply and demand move in opposite directions and finally there comes a price at which both supply and demand becomes equal, and this price is fixed in the market. It is called market equilibrium.

**سوال 3:** کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔
**Write short answers to any SIX parts. 12**

(i) قانون تکثیر حاصل اور قانون تقلیل مصارف میں تعلق بیان کیجیے۔
**Describe the relationship between law of increasing return and law of decreasing cost.**

جواب: قانون تکثیر حاصل اور قانون تقلیل مصارف معاشیات میں ایک دوسرے سے قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ ایک فرم پیداوار میں اضافہ کرتی ہے، اسے منافع میں اضافہ ہوتا ہے، جس کی وجہ سے فی یونٹ لاگت میں کمی آتی ہے۔ اس کے نتیجے میں، لاگت میں کمی آتی ہے، پیداوار زیادہ موثر ہوتی ہے۔ اس کے برعکس، لاگت میں کمی سے پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے، ترقی اور کارکردگی کے چکر کو تقویت ملتی ہے۔

The law of increasing returns and law of decreasing cost are closely related concepts in economics. As a firm increases production, it experiences increasing returns, leading to lower costs per unit. This, in turn, results in decreasing cost, making production more efficient. Conversely, decreasing cost can lead to increasing production, reinforcing the cycle of growth and efficiency.

(ii) غیر معمولی نقصان سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by abnormal losses?**

جواب: یہ فرم کے توازن کی ایسی صورت حال ہوتی ہے کہ قیمت فرم کے اوسط متغیرہ مصارف کے برابر ہوتی ہے یعنی فرم کے متغیرہ مصارف ہی پورے ہوتے ہیں اور فرم کا نقصان کل معینہ مصارف کے برابر ہوتا ہے اس نقصان کو غیر معمولی نقصان کہا جاتا ہے۔

It is a situation of equilibrium of the firm in which the price is equal to the average variable costs of the firm i.e. Only the variable costs of the firm are covered and the loss of the firm is equal to the total fixed cost, this loss is called abnormal loss.

CamScanner

(iii) عرصہ طویل میں ایک فرم معمولی منافع کیونکر حاصل کرتی ہے؟

**Why a firm gain normal profit in long run?**

جواب: عرصہ طویل میں فرم معمولی منافع اس لیے حاصل کرتی ہے کیونکہ اگر صنعت میں موجود فرمیں غیر معمولی منافع کما رہی ہوں تو صنعت میں نئی فرمیں داخل ہونے لگتی ہیں اور اگر نقصان اٹھا رہی ہوں تو کچھ فرمیں صنعت کو چھوڑ جاتی ہیں اس لیے باقی کی فرم معمولی منافع کمانے لگتی ہے۔

A firm gains normal profit in long run because if the firms existing in industry gain super normal profit, then the new firms start entering the indsutry and if the existing firms bear loss, some firms leave the industry therefore the remaining firms start earning normal profit.

(iv) سرمایہ کی تعریف کیجیے۔

**Define capital.**

جواب: سرمایہ سے مراد آمدنی یا دولت کا وہ حصہ ہے جو مزید دولت پیدا کرنے یا آمدنی بڑھانے کے لیے استعمال میں لایا جائے مثلاً مشینیں، آلات و اوزار، خام مال، کارخانے، سڑکیں، ریلیں، ڈیم، بجلی گھر وغیرہ۔

Capital refers to income or that part of wealth that is used to generate more wealth or increase, such as machines, tools and equipment, raw materials, factories, roads, rails, dams, power plants etc.

(v) عاملین پیدائش سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by factors of production?**

جواب: انسان کو اپنی ضرورت کی اشیاء پیدا کرنے کے لیے جن عاملین کی ضرورت ہوتی ہے انھیں عاملین پیدائش کہا جاتا ہے۔ یہ زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم ہیں۔

Factors required by man to produce the things he needs are called factors of production. These are land, labour, capital and organization.

(vi) اجارہ داری میں صرف ایک ہی فرم کیوں ہوتی ہے؟

**Why there is a single firm in monopoly?**

جواب: جب کسی شے کو ایک ہی فرم پیدا کر رہی ہو اور منڈی میں کسی اور جگہ سے اس شے کا نعم البدل بھی دستیاب نہ ہو مثلاً پاکستان میں واپڈا کو بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں مکمل اجارہ داری حاصل ہے۔ اس لیے اجارہ داری میں ایک ہی فرم ہوتی ہے۔

When a product is being produced by a single firm and there is no substitute for that product in the market for example, WAPDA has a complete monopoly in the production and supply of electricity in Pakistan. Therefore, there is one firm in monopoly.

(vii) معینہ مصارف کی تعریف مثالوں کی مدد سے کیجیے۔

**Define fixed cost with the help of examples.**

جواب: معینہ مصارف سے مراد وہ مصارف ہیں جنھیں ایک فرم کو ہر حال میں برداشت کرنا پڑتا ہے۔ ان مصارف کو ضمنی یا بالواسطہ مصارف بھی کہتے ہیں۔ ان مصارف میں کارخانے کی عمارت کا کرایہ، سرمائے کا سود وغیرہ شامل ہیں۔

Fixed costs refer to the costs that a firm has to bear under all circumstances. These costs are also called indirect costs. These expenses include sent of factory building, interst on capital etc.

(viii) کل وصولی سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by total revenue?**

جواب: کسی شے کی ایک خاص مقدار فروخت کر کے ایک فرم کو جو رقم حاصل ہوتی ہے اسے کل وصولی کہتے ہیں مثلاً اگر کپڑے کی قیمت 10 روپے فی میٹر ہو اور ایک فرم 100 میٹر کپڑا فروخت کرے تو اسے 1000 روپے حاصل ہوں گے، یہ رقم کل وصولی کہلائے گی۔

The amount earned by a firm by selling certain quantity of a commodity, is called total revenue. For example if the price of cloth is Rs. 10 per meter and if a seller 1000 meters of cloth, it will get Rs. 1000, this amount will be called total revenue.

(ix) زمین کی استعداد کو متاثر کرنے والے چار عوامل تحریر کیجیے۔

**Write four factors which affect the productivity of land.**

جواب: 1- محل وقوع 2- ذرائع نقل وحمل 3- قدرتی عوامل یعنی طبعی خصوصیات، پانی اور آب وہوا 4- انسانی وسائل

1. Location
2. Means of transportation
3. Natural factors physical features, water and climate
4. Human resources

سوال 4: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

**Write short answers to any SIX parts.** 12

(i) فی کس آمدنی کی تعریف کیجیے۔

**Define per capita income.**

جواب: اوسط آمدنی کو فی کس آمدنی کہا جاتا ہے جب قومی آمدنی کو کل آبادی پر تقسیم کیا جاتا ہے تو فی کس آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

Per-capita income is obtained when the national income is divided by the total population.

$$\frac{\text{National Income قومی آمدنی}}{\text{Total Population کل آبادی}} = \text{Per-capita income فی کس آمدنی}$$

(ii) خالص قومی پیداوار کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

**Explain the concept of net national income.**

جواب: اگر خام قومی پیداوار میں سے سرمائے کی شکست و ریخت کے اخراجات (فرسودگی الاؤنس) نکال دیے جائیں تو خالص قومی پیداوار حاصل ہو جاتی ہے۔ یعنی خالص قومی پیداوار = خام قومی پیداوار - فرسودگی الاؤنس

If capital loss and depreciation expenses (depreciation allowance) are removed from the gross national product, the net national product is obtained i.e,

CamScanner

Net National Product = Gross National Product - Depreciation Allowance.

(iii) فاضل بجٹ کسے کہتے ہیں؟

What is surplus budget?

جواب: اگر حکومت کی آمدنی، خرچ سے زیادہ ہو تو بجٹ، فاضل بجٹ کہلاتا ہے۔

If the revenue of the government is more than the expenditure, the budget is called surplus budget.

(iv) ٹیکسوں کی مختلف اقسام لکھیے۔

Write different types of taxes.

جواب: 1- متزائد ٹیکس 2- تنزیلی ٹیکس 3- بلاواسطہ ٹیکس 4- بالواسطہ ٹیکس

1. Progressive tax 2. Regressive tax 3. Direct tax 4. Indirect tax

(v) متوازن بجٹ سے کیا مراد ہے؟

What is meant by balanced budget?

جواب: اگر حکومت کا خرچ، آمدنی کے برابر ہو تو بجٹ، متوازن بجٹ کہلاتا ہے۔

If the expenditure of the government is equal to the income, then the budget is called balanced budget.

(vi) بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟

What is meant by international trade?

جواب: دو مختلف ممالک کے باشندوں کے درمیان ہونے والی تجارت کو بین الاقوامی تجارت کہتے ہیں۔

The trade between the residents of two different countries is called international trade.

(vii) فاضل توازن ادائیگی کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

Explain the concept of surplus balance of payment.

جواب: فاضل توازن ادائیگی کا مطلب ہے کہ ملک اپنی درآمدات سے زیادہ برآمدات کرتا ہے۔ یہ تمام گھریلو پیداوار کی ادائیگی کے لیے کافی سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ ملک اپنی سرحدوں سے باہر بھی قرضہ دے سکتا ہے۔ ایک فاضل مختصر مدت میں اقتصادی ترقی کو فروغ دے سکتا ہے۔

A balance of payments surplus means that a country exports more than it imports. It provides enough capital to pay for all domestic production. A country can also lend outside its borders. A surplus can boost economic growth in the short run.

(viii) متزائد ٹیکس سے کیا مراد ہے؟

What is meant by progressive tax?

جواب: اگر آمدنی کی کم تر سطح پر کم شرح سے اور آمدنی کی بلند تر سطح پر زیادہ شرح سے ٹیکس لاگو کیا جاتا ہو یعنی جوں جوں آمدنی بڑھتی جائے ٹیکس کی شرح میں اضافہ ہوتا جائے تو ایسے ٹیکس کو متزائد ٹیکس کہا جاتا ہے۔ پاکستان میں آمدنی ٹیکس اور دولت ٹیکس متزائد شرح سے نافذ ہیں۔

If tax is applied at a lower rate at the lower level of income and at a higher rate at the higher level of income, then as income rises, the tax rate will increase. If there is an increase, such a tax is called progressive tax. Income tax and wealth tax are imposed at progressive rates in Pakistan.

(ix) بجٹ سے کیا مراد ہے؟

What is meant by budget?

جواب: حکومت کی ایک مالی سال میں آمدنی اور خرچ کی تفصیلات کو بجٹ کہا جاتا ہے۔

The details of income and expenditure of the government in a financial year is called budget.

## (حصہ دوم)

کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

4 + 4

**Attempt any THREE questions. Each question carries 08 marks.**

**سوال 5:** آدم سمتھ کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

**Define and critically evaluate the definition of economics given by Adam Smith.**

**سوال 6:** قانون تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارہ اور ڈائیگرام سے کیجیے۔

**Describe law of increasing return with schedule and diagram.**

**سوال 7:** مکمل مقابلہ کے تحت عرصہ قلیل میں فرم کے توازن کی دو صورتیں معمولی منافع اور غیر معمولی منافع میں فرق بیان کیجیے۔

**Under perfect competition, differentiate two equilibrium situations normal profit abnormal profit in short run period.**

**سوال 8:** قومی آمدنی کی پیمائش کا کل پیداوار کا طریقہ بیان کیجیے۔ نیز اس کی احتیاطیں بھی تحریر کیجیے۔

**Explain the total production method of measuring national income and write precautions.**

**سوال 9:** زکوۃ کا مفہوم تفصیلاً بیان کیجیے۔

**Describe the concept of Zakat in detail.**

CamScanner